39507-جانور تول كر فروخت كرنا

سوال

كيا وہ جانور جس كا گوشت كھايا جاتا ہے وزن كر كے فروخت كرنا جائز ہے، كيونكہ ہمارے يہ طريقہ عام ہے ؟

پسندیدہ جواب

جى ہاں زندہ جانور كا وزن كر كے فروخت كرنا جائز ہے.

مستقل فتوي كميٹى سے مندرجہ ذيل سوال كيا گيا:

كيا زندہ يا مذبوح بكري اور مرغى وزن كر كے فروخت كرنا جائز ہے ؟

كميٹى كا جواب تھا:

مسلمانوں كے مابين معاملات ميں تو اصل حلت ہى ہے ليكن وہ چيز جسے شريعت مطہرہ نے نصا حرام كرديا ہے، اس سے ہميں يہ علم ہوا كہ مرغى اور بكري تول كر فروخت كرنى جائز ہے، ہميں شريعت ميں ايسے كسى مانع كا علم نہيں جو اس سے منع كرتا ہو. اھ

ديكھيں فتاوي اللجنۃ الدائمۃ للبحوث العلميۃ والافتاء (290/13).

اور ايك مستقل كميٹى كے ايك دوسرے فتوي ميں ہے كہ:

بكري يا دوسرے جانور زندہ اور تول كر فروخت كرنے جائز ہيں، چاہے وزن كيلو گرام ميں يا كسى اور ميں اس ليے كہ مقصد فروخت كى جانے والى چيز كا علم ہے جو كہ وزن سے حاصل ہو جاتا ہے. اھ

ديكھيں: فتاوي اللجنۃ الدائمۃ للبحوث العلميۃ والافتاء (290/13)

اور فتاوي ميں يہ بھى ہے كہ:

وزن كے ساتھ حيوان كى فروخت جائز ہے، اور اجماع كے مطابق اسے بغير تولے صرف ديكھ كر ہى فروخت كرنا جائز ہے، اور اس كے پيٹ ميں جو انتڑياں وغيرہ ہيں اس كى فروخت كے جواز پر اثرانداز نہيں ہونگى كيونكہ وہ اس كے تابع ہيں لھذا اس ميں جو كچھ ہے وہ تول كر فروخت كرنا جائز ہوا. اھ

ديكھيں: فتاوي اللجنۃ الدائمۃ (289/13).

واللہ اعلم.